سوال

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ میں نے بہت سے لوگوں سے سنا ہے کہ ولادت کے وقت لڑکی سورہ مریم کی تلاوت کرے تو اللہ تعالیٰ اسے بیٹے سے نوازتا ہے جب کہ مجھے اس بارے میں علم نہیں قرآن وسنت کی روشنی میں اس کی وضاحت کریں ؟ بہنوں اور بھائیوں کے سامنے حق واضح

جواب

سورۃ مریم کی تلاوت سے بیٹے کی پیدائش السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ میں نے بہت سے لوگوں سے سنا ہے کہ ولادت کے وقت لڑکی سورہ مریم کی تلاوت کرے تو اللہ تعالیٰ اسے بیٹے سے نوازتا ہے جب کہ مجھے اس بارے میں علم نہیں قرآن وسنت کی روشنی میں اس کی وضاحت کریں ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، اَما بعد! قرآن وحدیث کی روشنی میں اس بات کی کوئی حقیقت نہیں ہے ۔بیٹے اور بیٹیاں دینے والی ذات صرف اللہ تعالی کی ہے ، ایسی کوئی حدیث یا اثر ابھی تک میرے علم میں نہیں آیا۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب محدث فتوی کمیٹی